سوال

(256)اجنبی عورت کو نماز پڑھتے دیکھ لے تو نماز باطل نہیں ہوگی؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعض اوقات سیر گاہوں وغیرہ میں میری اہلیہ میرے ساتھ ہوتی ہے، اور میں نماز کی ادائیگی کے لیے مسجد چلا جاتا ہوں اور یہ وہیں نماز پڑھتی ہے، تو کیا اگر اسے کوئی اجنبی نماز پڑھتے دیکھ لے تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں، ہرگز نہیں، اس کی نماز باطل نہیں ہوگی، بلکہ اگر عورت مردوں کی موجودگی میں نماز پڑھے تو نہ اس کی نماز باطل ہوگی اور نہ مردوں کی۔ تاہم اصل قاعدہ یہ ہے کہ عورتوں مردوں کی صفوں سے پیچھے ہونی چاہئیں۔ لیکن اگر بہت زیادہ بھیڑ ہو اور اتفاق سے کوئی مرد کے آگے نماز پڑھ لے تو اس عورت کی نماز باطل نہیں ہوگی بشرطیکہ اس نے شرعی حجاب لیا ہو اور اس کے جسم کا کوئی ایسا حصہ ظاہر نہ ہو جس کا اجنبیوں کے سامنے ظاہر کرنا ناجائز ہو۔ اس کی نماز بالکل صحیح ہوگی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 233

محدث فتویٰ